# مختصراً ابتدائی رپورٹ

۳ مئی، ۲۰۲٤ کو کمشنر میری جوسی ہوگ (Commissioner Marie-Josée Hogue) نے اپنی ابتدائی رپورٹ جاری کی۔ اس سے غیر ملکی مداخلت سے متعلق کمیشن (Foreign Interference Commission) کے کام کا پہلا مرحلہ مکمل ہوا، جس میں کمیشن نے ہزاروں دستاویزات کا جائزہ لیا اور ۲۱ دنوں کی سماعتوں کے دوران اور ٦۰ سے زائد گواہوں سے سنا۔

ابتدائی رپورٹ کا بنیادی مقصد عوام کو بہتر طور پر تفہیم فراہم کرنا ہے، کہ غیر ملکی مداخلت کیا ہے، ہمیں اس سے کیوں ہوشیار رہنا چاہیے، گزشتہ دو عام وفاقی انتخابات میں یہ کیسے ظاہر ہوا تھا، اور حکومت کا ردعمل کیسا تھا۔

ذیل میں ابتدائی رپورٹ میں پائے جانے والے اہم مسائل، واقعات اور نتائج کا خلاصہ ہے۔

## غیر ملکی مداخلت...

**نئی بات نہیں ہے۔** یہ کئی دہائیوں سے کینیڈا اور دنیا بھر میں قومی سلامتی کا خطرہ رہا ہے۔ لیکن بدلتی ہوئی جغرافیائی سیاست اور ٹیکنالوجی کی عکاسی کرتے ہوئے، اس کا ارتقا ہو رہا ہے ۔

**مستقل ہے۔** کینیڈا میں غیر ملکی مداخلت کی ایک مستقل بنیاد ہے۔ یہ ایسی چیز نہیں ہے جو صرف انتخابات کے دوران پیش آتی ہے۔

غیر ملکی ریاست کی طرف سے یا اس کی طرف سے کام کرنے والوں کی **خفیہ، دھوکہ دہی، یا ذاتی طور پر دھمکی آمیز سرگرمیاں**، جو کینیڈا کے مفادات کے لیے نقصان دہ ہیں۔

**ہمیشہ شفاف اور واضح نہیں ہوتا.** عملی طور پر، غیر ملکی اثر و رسوخ (جائز) اور غیر ملکی مداخلت (ناجائز) کے درمیان فرق نکالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اکثر ایک غیر واضع علاقہ (گرے زون) ہوتا ہے جہاں غیر ملکی اداکار اپنے قومی مفادات کو آگے بڑھانے کے لیے خفیہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے لیے قائم شدہ، جائز راستوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔

**کثیر جہتی۔** ریاستیں اور غیر ریاستی اداکار جو غیر ملکی مداخلت میں ملوث ہیں، وہ درج ذیل اعمال کرتے ہیں:

- **کینیڈا کی جمہوریت میں مداخلت کے لیے متعدد چالوں کا استعمال کرتے ہیں،** مثال کے طور پر اپنے ہدف کے ساتھ دیرپا تعلقات کی طویل مدتی کوشش، مالی مدد، رشوت، بلیک میل، دھمکیاں، سائبر حملے، تلبیس معلومات کی مہم اور نائبوں (پراکسیز) (وہ لوگ جو زیر بحث سرگرمی اور غیر ملکی ریاست کے درمیان تعلق کو مبہم کرنے کے لیے غیر ملکی ریاست سے ہدایات لیتے ہیں) کا استعمال کرنا ۔
- **بہت سے مختلف گروہوں کو نشانہ بناتے ہیں:** امیدوار اور منتخب عہدیدار، سرکاری ملازمین اور سیاسی عملہ، ووٹرز، دلچسپی رکھنے والے گروپس (مثلاً عطیہ دہندگان، ترغیب کار(لابیسٹس)، کمیونٹی کے گروپس) اور میڈیا (دونوں مرکزی دھارے کے ذرائع ابلاغ اور کمیونٹی کے ذرائع)۔
- **تارکین وطن کی کمیونٹیز (ڈائاسپورا کمیونٹیز) کو نشانہ بنانے میں ان کی ایک الگ دلچسپی ہو سکتی ہے،** خاص طور پر اختلاف رائے رکھنے والوں کو خاموش کرنے، غیر ملکی ریاست کے پیغامات کو بڑھانے، رائے عامہ کو کنٹرول کرنے اور اختلاف رائے کے بیج بونے میں۔ ڈائیاسپورا کمیونٹیز کے اراکین کو غیر ملکی مداخلت کے کچھ انتہائی نقصان دہ اثرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، بشمول ان کے آبائی ممالک میں ان کے خاندانوں کے لیے خطرات۔

مزید تفصیلات کے لیے:

*باب ٤ – غیر ملکی مداخلت کیا ہے؟*
*ضمیمہB – سوال و جواب: انتخابات، غیر ملکی مداخلت اور تحقیقاتی کمیشنز*

## غیر ملکی مداخلت کے اثرات

ابتدائی رپورٹ واضح ہے: کینیڈا کے پچھلے دو عام انتخابات میں غیر ملکی مداخلت ہوئی تھی۔

اگرچہ عوامی جمہوریہ چین ("پی آر سی") (Peoples Republic of China "PRC") اس وقت کینیڈا کے لیے سب سے زیادہ مستقل اور جدید ترین غیر ملکی مداخلت کے خطرے کے طور پر نمایاں ہے، لیکن کمیشن کی طرف سے جانچ کی گئی انٹیلی جنس ہولڈنگز کینیڈا میں ممکنہ غیر ملکی مداخلت کے اداکار کے طور پر، دیگر ممالک کے علاوہ روس، ہندوستان، پاکستان اور اسلامی جمہوریہ ایران کی بھی شناخت کرتی ہیں۔

اس حقیقت کو دیکھتے ہوئے، ابتدائی رپورٹ میں ۲۰۱۹ اور ۲۰۲۱ کے عام انتخابات، اور ان پر غیر ملکی مداخلت کے اثرات کے بارے میں کئی سوالات پر غور کیا گیا ہے۔ ان سوالات اور کمشنر کے نتائج کا خلاصہ ذیل میں دیا گیا ہے۔

**کیا غیر ملکی مداخلت نے انتخابی نظام کی خود کی سالمیت کو کمزور بنایا؟**

جی نہیں۔ یہ دونوں انتخابات قومی اور انفرادی رائڈنگ، دونوں سطحوں پر دیانتداری کے ساتھ کرائے گئے۔ ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کے قابل تھے اور ان کے ووٹوں کا باقاعدہ اندراج اور گنتی کی گئی تھی۔ اس کے برعکس کوئی ثبوت نہیں ہے۔

---

**کیا ۲۰۱۹ یا ۲۰۲۱ میں کون سی پارٹی اقتدار میں آنے والی تھی، اس بات کوغیر ملکی مداخلت نے متاثر کیا تھا؟**

جی نہیں، ایسا نہیں ہوا تھا۔ لبرل پارٹی ۲۰۱۹ اور ۲۰۲۱ میں غیر ملکی مداخلت کے ساتھ یا اس کے بغیر بھی حکومت میں ہوتی۔

---

**کیا غیر ملکی مداخلت نے انتخابی نتائج کو رائڈنگ کی سطح پر متاثر کیا؟**

یہ ممکن ہے کہ بہت کم تعداد میں رائڈنگز کے نتائج متاثر ہوئے ہوں، لیکن یہ یقینی طور پرنہیں کہا جا سکتا۔ ہو سکتا ہے کہ ان رائڈنگز میں، غیر ملکی مداخلت نے نامزدگی کے مقابلوں اور انتخابی مہم دونوں کو متاثر کیا ہو، جس سے شائد یہ متاثر ہو ا ہو، کہ پارلیمنٹ کے لیے کون منتخب ہوا یا کس پارٹی نے سیٹ جیتی۔

---

**کیا غیر ملکی مداخلت نے وسیع تر انتخابی ماحولیاتی نظام کو متاثر کیا؟**

اس نے متاثرکیا. مخصوص انتخابی نتائج پر اثرات سے قطع نظر، ابتدائی رپورٹ میں جوواقعات درج کیے گئے ہیں، ان کی وجہ سے ممکنہ طور پر کچھ ووٹروں کی باخبر ووٹ ڈالنے کی صلاحیت کم ہو گئی ہوگی، جس سے یہ عمل داغدار ہو گیا ہوگا۔ یہ اثر شاید آج تک معمولی رہا ہے لیکن مستقبل میں مزید شدید ہو سکتا ہے۔

---

**کیا غیر ملکی مداخلت نے کینیڈین جمہوریت میں عوام کے اعتماد کو مجروح کیا؟**

افسوس کی بات ہے کہ، اس کے نتیجے میں ایسا ہوا۔ ایسی بہت سی ریاستیں جو غیر ملکی مداخلت میں ملوث ہیں ان کا بنیادی مقصد ہے، جمہوریت میں اور حکومت میں اعتماد کو کمزور کرنا ۔ شاید یہ کینیڈا کو غیر ملکی مداخلت کے نتیجے میں پہنچنے والا سب سے بڑا نقصان ہے۔

---

**کیا غیر ملکی مداخلت نے سب کو یکساں طور پر متاثر کیا؟**

ایسا نہیں ہوا۔ اگرچہ تمام کینیڈینز غیر ملکی مداخلت کا شکار ہیں، غیر ملکی مداخلت کے ذرائع اور طریقے کینیڈا میں تارکین وطن (ڈائاسپورا) کمیونٹیز کو الگ الگ طریقوں سے نقصان پہنچاتے ہیں۔ ان کے تجربات کو نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے، اور ان پر خاص توجہ دی جانی چاہیے۔

---

ان نتائج پر مزید تفصیلات کے لیے، *باب ۸ دیکھیں – اثرات کا اندازہ لگانا*

## دیگر معلومات آپ کو ابتدائی رپورٹ کی رہنمائی سے ملیں گی

| *فہرست مضامین* | *رپورٹ کی جھلکیاں* |
| --- | --- |
| ابتدائی رپورٹ کا مکمل جائزہ پیش کرتا ہے | 15 صفحات میں ابتدائی رپورٹ کے اہم نتائج کا خلاصہ کرتا ہے |

کمیشن کے قیام کا باعث بننے والے واقعات کا تاریخی ترتیب سے درج جائزہ۔

← *باب ۱ – کمیشن برائے غیر ملکی مداخلت کیسے آئی*

---

کمیشن کے مینڈیٹ کے بارے میں اور اس نے اپنے کام کو کیسے منظم کیا ہے، اس بارے میں تفصیلات ۔

← *باب ۲ – کمیشن کے مینڈیٹ کے دائرہ کار*

← *ضمیمہ C - کمیشن کے آپریشنز اور اس کی تنظیم*

---

انٹیلی جنس اور خفیہ معلومات سے متعلق اصول اور تصورات، اور کمیشن کی جانب سے شفافیت اور مختلف سیکورٹی مفادات میں توازن پیدا کرنے کا طریقۂ عمل ۔

← *باب ۳ - شفافیت اور قومی سلامتی کی رازداری*

---

غیرملکی مداخلت کا جواب دینے والے انٹیلی جنس ایجنسیز اور دیگر وفاقی اداروں اور اعمال کی، اور حکومت کے اندر معلومات کیسے گردش کرتی ہیں، ان کی تفصیل ۔

← *باب ۵ - کینیڈا غیر ملکی مداخلت کا کیا جواب دیتا ہے؟*

---

۲۰۱۹ کے عام انتخابات میں غیر ملکی مداخلت کے مخصوص الزامات، اور حکومت کا ردعمل ← *باب ٦ - ۲۰۱۹ کے عام انتخابات*

مثال کے طور پر:

- ڈان ویلی نارتھ (اونٹاریو) میں لبرل پارٹی کے نامزدگی کے مقابلے میں بے ضابطگیاں۔
- گریٹر وینکوور میں PRC کی مداخلت کی سرگرمیاں۔
- کینیڈا میں جانا پہچانا اور مشتبہ PRC سے متعلقہ دھمکی آمیز اداکاروں کے ایک گروپ کو ۲۵۰ ہزار ڈالر کی مالی مدد کے الزامات۔
- کینیڈا میں موجود حکومت پاکستان کے حکام کی طرف سے کینیڈا کی وفاقی سیاست پر خفیہ طور پر اثر انداز ہونے کی کوششیں۔
- *بفیلو کرانیکل* نامی ویب سائٹ پر وزیر اعظم کے بارے میں منفی مضامین۔

---

۲۰۲۱ کے عام انتخابات میں غیر ملکی مداخلت کے مخصوص الزامات، اور حکومت کا ردعمل ← *باب ۷ - ۲۰۲۱ کے عام انتخابات*

مثال کے طور پر:

- کنزرویٹو پارٹی آف کینیڈا کے پالیسی پلیٹ فارم، اس کے رہنما ایرن او ٹول (Erin O'Toole)، اور سٹیوسٹن – رچمنڈ ایسٹ (برٹش کولمبیا) میں اس کے امیدوار کینی چیو (Kenny Chiu) کو نشانہ بنانے والی تلبیس معلومات۔
- گریٹر وینکوور ایریا میں نیو ڈیموکریٹک پارٹی کی ایم پی جینی کوان (Jenny Kwan) اور دیگر امیدواروں کو نشانہ بنانے والی غیر ملکی مداخلت کی مشتبہ سرگرمیاں۔
- حکومت ہند کی طرف سے ممکنہ خفیہ مالی مدد۔
- مشتبہ روسی تلبیس معلومات (ڈسانفارمیشن) کی سرگرمی۔

---

## کمیشن کے کام کا دوسرا مرحلہ اور عوامی مشاورت

کمیشن کے کام کوختم ہونے میں ابھی کافی باقی ہے اور دوسرا مرحلہ پہلے ہی جاری ہے۔

اس مرحلے میں، کمیشن غیر ملکی مداخلت کا پتہ لگانے، روکنے اور اس کا مقابلہ کرنے سے متعلق مختلف ریاستی اداکاروں اور اعمال کی صلاحیت کا جائزہ لے گا، اور اس صلاحیت کو مضبوط بنانے کے لیے سفارشات پیش کرے گا۔

دیگر چیزوں کے علاوہ، کمیشن جو کرے گا:

- دیکھے گا کہ غیر ملکی مداخلت کے بارے میں انٹیلی جنس اور معلومات کو حکومت، عوام اور ممکنہ طور پر غیر ملکی مداخلت کے خطرے سے دوچار لوگوں تک کیسے پہنچایا جانا چاہیے اور کیا ہماری انٹیلی جنس ایجنسیز کی طرف سے مزید معلومات کا اشتراک کرنا مناسب ہے۔

- مسائل کی ایک حد پر غور کرے گا جن میں آن لائن غلط معلومات اور تلبیس معلومات کا جواب دینے کے چیلنجز شامل ہو سکتے ہیں۔

- نامزدگی کے مقابلوں کو چلانے والے قواعد، یا قواعد کی کمی کا جائزہ لے گا۔ پہلے مرحلے نے ظاہر کیا ہے کہ یہ مقابلے خاص طور پرغیرملکی مداخلت کا شکار ہیں۔

**عوامی مشاورت**

غیر ملکی مداخلت کے بڑھنے کا امکان ہے اور ہماری جمہوریت پر اس کے منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں جب تک کہ اس کا پتہ لگانے اور بہتر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے سخت اقدامات نہ کیے جائیں۔ اس کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے، اور ہماری جمہوریت اور تمام کینیڈینز کے تحفظ کے لیے اس کے اثرات کو کم کرنا چاہیے۔

یہی وجہ ہے کہ کمیشن نے عوامی مشاورت کا عمل ترتیب دیا ہے۔ عوام کے تمام اراکین، اور خاص طور پرترک وطنی (ڈائاسپورا) کمیونٹیز، ہمارے جمہوری اداروں میں غیر ملکی مداخلت سے متعلق مسائل پر اپنے تجربات اور خیالات کا اشتراک کرنے کے لیے مدعو ہیں۔

کمیشن کے عوامی مشاورت کے عمل کے بارے میں مزید معلومات یہاں حاصل کی جا سکتی ہیں : https://foreigninterferencecommission.ca/public-consultation

کمشنر ہوگ دسمبر ۲۰۲٤ میں اپنی حتمی رپورٹ جاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔